RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ محرم الحرام ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۶ جنوری ۱۹۱۱ء | جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ منصرم اصطبل	۱
۲	رخصت تحصیلدار شاہ آباد	۲
۳	رخصت ہاسپٹل اسسٹنٹ [illegible]	۳
۴	ہاتھیوں کے لئے گڑ مفید ہے	۴

ملخص حکم اجلاس بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۸ دسمبر ۱۹۱۰ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر [illegible] روپیہ ماہوار اضافہ محمد فیاض خان منصرم اصطبل کی تنخواہ میں یکم جنوری ۱۹۱۱ء سے بوجہ حسن انجام خدمات منظور فرمایا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۱۵ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

رخصت پانچ یوم تحصیلدار صاحب شاہ آباد بوجہ علالت ۱۹ جنوری سنہ حال تک بوضع تنخواہ منظور کی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

رخصت

حسب تحریر صاحب اسسٹنٹ سرجن رخصت علالتی سید عاشق علی اسپتال اسسٹنٹ بلاسپور بذمہ داری کمپونڈر بلاسپور منظور کی گئی۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

واقع ۱۶ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

امسال مرض طاعون سے شہر میں اکثر اشخاص ضائع ہو چکے ہیں اور ہو رہے ہیں اس مرض کو روکنے کیواسطے پلیگ کا ٹیکہ لگایا جانا نہایت مفید ثابت ہوا ہے جو روزانہ صدر شفاخانہ شہر میں بلا کسی معاوضہ کے ہر شخص کے لگایا جاتا ہے اس ٹیکہ کے مفید ہونے کی یہ بین دلیل ہے کہ بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم نے آج خود ٹیکہ لے لیا اور تمام اسٹاف نے بھی لگا لیا ہے عام طور پر عدم واقفیت کی وجہ سے اس جانب توجہ کم ہے۔ جملہ صیغہ جات اور شہر کے اشخاص کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ ہر شخص کو پلیگ کا ٹیکہ ضرور لگانا چاہیئے یہ بے ضرر اور بے خرچ نہایت سود مند انسداد مرض کی تدبیر ہے۔ ہرگز یہ منشا نہیں ہے کہ لوگ جبریہ ٹیکہ لگائیں بلکہ جو شخص اپنی خوشی سے اپنے فائدہ کے لئے ٹیکہ لگائیگا اُسکی بہتری اور عافیت عامہ کا باعث ہوگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا برائے اطلاع عام درج گزٹ ہو اور ایک ایک نقل صیغہ جات متعلق ہوم ڈپارٹمنٹ میں مرسل ہو۔

صاحب ہوم سکرٹری بہادر

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا۔